Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد: 27 جون 2018

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) نے آج ایک اور سنگ میل عبور کرلیا ZTBL نے اپنے ہیڈ آفس اسلام آباد میں ملک کی پہلی جدید ترین ATM مشین نصب کردی۔

ZTBL نے ATM مشین کے لئے ملک میں اب تک استعمال ہونے والے تمام نیٹ ورکس میں سے جدید ترین نیٹ BPC کا انتخاب کیا اور اسطرح ZTBL ملک کا پہلا بینک بن گیا جو کہ BPC نیٹ ورک سسٹم کے ساتھ منسلک ہوا ہے۔ ZTBL Debit EMV Card صلاحیت کا حامل ہوگا جو کہ Paypak کی شراکت سے آغاز کریگا اور اس طرح ZTBL ملک کے چند بینکوں میں سے ایک ہوگا جو کہ State Bank of Pakistan کی سفارشات پر عمل کریگا۔

ZTBL Debit Card کارڈلیس بینکنگ کہ صلاحیت کا بھی حامل ہوگا۔ جس میں بائیومیٹرک طریقے سے رقم وصول کی جا سکتی ہے ساتھ ساتھ ZTBL ATM پہلا ATM ہوگا جو کہ ملک میں ویڈیو کال بیس ATM ہوگا یہ خاص کر کم تعلیم یافتہ علاقوں میں Customers کو مدد فراہم کریگا۔

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ 2019 کے آخر تک ملک بھر میں 500 ATM مشینیں لگانے کی منصوبہ بندی کر چکا ہے جس میں زیادہ تر دیہی علاقے شامل ہیں۔

صدر زرعی بینک سید طلعت محمود اور بینک افسران نے ہیڈ آفس میں نصب کردہ ATM مشین کے ذریعے اپنے اکاؤنٹس سے رقوم وصول کیں۔ اس موقع پر بینک کے افسران اور دیگر سٹاف کی کثیر تعداد موجود تھی جنہوں نے بینک میں اس جدید ترین سسٹم کے آغاز پر بے انتہا خوشی کا اظہار کیا اور بینک کے صدر کی انتھک محنت اور وژن کو سراہا۔

(سعد ضیاء)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر 051-9252681-2

Picture Caption

سید طلعت محمود صدر زرعی ترقیاتی بینک ہیڈ آفس میں ملک کے جدید ترین نیٹ ورک (BPC) کی حامل ATM مشین کا افتتاح کرتے ہوئے۔